VOLUME X NUMBER 2 | JULY 1975 & JANUARY 1976 | VOLUME XI NUMBER 1

JOURNAL OF RESEARCH

[HUMANITIES]

Edited by Siraj-ud-Din

UNIVERSITY OF THE PUNJAB
LAHORE

EDITORIAL BOARD

Chief Editor

Siraj-ud-Din, Professor Emeritus, Department of English Language and Literature, University of the Punjab.

Members

A Waheed Qureshi, Professor and Chairman, Department of Urdu, Oriental College, University of the Punjab.

Munir-ud-Din Chughtai, Professor and Chairman, Department of Political Science, University of the Punjab.

Dr. Zahur Ahmad, Assistant Professor and Chairman, Department of Arabic, Oriental College, University of the Punjab.

Muhammad Aslam, Associate Professor and Chairman, Department of History, University of the Punjab.

Kh. Ghulam Sadiq, Associate Professor and Chairman, Department of Philosophy, University of the Punjab.

Dr. Rafiq Ahmed, Professor, Department of Economics, University of the Punjab.

Kh. Amjad Saeed, Associate Professor and Chairman, Department of Business Administration, University of the Punjab.

Bashir Ahmad Siddiqui, Assistant Professor and Chairman, Department of Islamic Studies, University of the Punjab.

Waris Mir, Assistant Professor and Chairman, Department of Journalism, University of the Punjab.

Secretary

Muhammad Ismail Bhatti, Assistant Professor, Department of English, University of the Punjab.

VOLUME X NUMBER 2 — JULY 1975 & JANUARY 1976 — VOLUME XI NUMBER 1

JOURNAL OF RESEARCH

[HUMANITIES]

Edited by Siraj-ud-Din

UNIVERSITY OF THE PUNJAB
LAHORE

CONTENTS

			Page
I.	اقبال کا اسلوب نگارش	ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار	1
II.	ARMS SALES AND THE OIL CRISIS	*Akmal Hussain*	41
III.	THE IMPORTANCE OF STRESS IN SCANNING ENGLISH POETRY	*Iftikhar Ahmad*	57
IV.	THE SCIENTIFIC METHODOLOGY IN ISLAM	*Dr. Amanullah Khan*	67
V.	NATIONAL LANGUAGE POLICIES AND STANDARD OF ENGLISH IN PAKISTAN	*Muhammad Ismail Bhatti*	81

CONTRIBUTORS

1. Dr. Ghulam Hussain Zulfiqar, Associate Professor and Chairman, Department of Urdu, Oriental College, University of the Punjab.
2. Syed Akmal Hussain, Assistant Professor, Department of Administrative Science, University of the Punjab.
3. Iftikhar Ahmad, Chairman, Department of English Language and Literature, University of the Punjab.
4. Dr. Amanullah Khan, Chairman, Department of Islamic Studies, University of the Punjab.
5. Muhammad Ismail Bhatti, Assistant Professor, Department of English Language and Literature, University of the Punjab.

اقبال کا اسلوب نگارش

ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

زیر نظر مضمون میں اقبال کی اردو نثر کا فنی مطالعہ مقصود ہے۔ اقبال نے اردو میں شاعری بھی کی اور نثر بھی لکھی۔ بعد میں اردو کے علاوہ فارسی کو بھی شاعری میں ذریعۂ اظہار بنایا اور مضامین و خطبات و خطوط انگریزی میں بھی لکھے (جنہیں بعد میں دوسرے لوگوں نے اردو میں ترجمہ کیا) موجودہ مطالعے میں صرف ان نثری تحریروں کو پیش نظر رکھا گیا ہے جو اقبال نے اردو میں لکھیں۔ ان نگارشات میں ان کی تصنیف ''علم الاقتصاد''، مکاتیب کے مجموعے ''اقبالنامہ'' (حصہ اول و دوم)، ''مکاتیب اقبال'' (بنام گرامی) ''مکتوبات اقبال'' (بنام سید نذیر نیازی)، ''مکاتیب اقبال'' (بنام نیاز الدین خان) اور ان کے متفرق مضامین و مکاتیب و بیانات کے مجموعے ''گفتار اقبال'' (مرتبہ محمد رفیق افضل) ''مقالات اقبال' (مرتبہ سید عبدالواحد) ''انوار اقبال'' (مرتبہ بشیر احمد ڈار) شامل ہیں۔

اقبال کا مطالعہ زیادہ تر ان کے شعری افکار و اسلوب تک محدود رہا ہے۔ نثری تحریریں اگر زیر بحث آئی بھی ہیں تو اپنے مدعا و مطالب کی بنا پر آئی ہیں، ان کے اسلوب پر بہت کم توجہ کی گئی ہے۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اقبال کی نثر بھی فن انشاء کے اعتبار سے اپنا ایک خاص انداز رکھتی ہے اور شعری اسلوب کے ساتھ ساتھ ان کی نثر کا لہجہ بھی منفرد اور اتنا بے ساختہ اور باوقار ہے کہ اردو نثر کی تاریخ میں اس کی ماہیت اور قیمت کی تعیین از بس ضروری ہے۔

اہل پنجاب کی یہ عجیب حالت ہے کہ وہ صدیوں سے اردو زبان میں شعر اور نثر لکھ رہے ہیں لیکن زبان دانی کے معاملے میں خاصے محجوب

اور عذر خواہ واقع ہوئے ہیں - زمانہ قدیم میں تو اس کی یہ وجہ سمجھ میں آتی ہے کہ اسلامی عہد میں دہلی کو مرکزی حیثیت حاصل تھی اور مرکز کے معیار کی پیروی ہر طرف ضروری سمجھی جاتی تھی - لیکن اردو اور پنجاب کے قدیم لسانی رشتوں کی دریافت اور گزشتہ صدی سے پنجاب کے ایک تہذیبی، تعلیمی، علمی اور ادبی مرکز بن جانے اور اردو کی طباعت و اشاعت میں لاہور کو برصغیر میں مرکزی حیثیت حاصل ہو جانے کے بعد بھی پنجاب کے اکثر اہل قلم کو زبان کے معاملے میں عذر خواہی کی ضرورت محسوس ہوتی رہی - اقبال کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے - وہ اردو زبان کے بارے میں اسی محجوب روش پر گامزن رہے - اردو سے اپنے لگاؤ کو وہ اسلام سے محبت کے بعد دوسرا اہم درجہ دیتے ہیں - لیکن جب اردو میں رواں دواں شاعری کرتے ہیں اور بے ساختہ انداز میں پر معنی نثر لکھتے ہیں تو اپنی زباندانی کے بارے میں ساتھ ہی یہ عذر خواہی بھی کرتے ہیں :

''اگرچہ میں اردو زبان کی بحیثیت زبان خدمت کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا''۔

(اقبالنامہ ، حصہ اول، ص ۷۸)

''میں تو اردو زبان کا ماہر نہیں اور بالخصوص گرامر سے مجھے کوئی دلچسپی نہیں'' -

(انوار اقبال، ص ۲۹۳)

''اردو میں گفتگو کرتے ہوئے میں اپنے ما فی‌الضمیر کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتا'' ۱-

(اقبالنامہ، حصہ اول، ص ۴۷)

۱- اگرچہ یہ فقرہ انھوں نے جس سیاق میں کہا ہے وہ قابل غور ہے - اس سے ان کے اسلوب کے جائزے میں بھی مدد مل سکتی ہے - فرماتے ہیں :
"میری عمر زیادہ تر فلسفے کے مطالعے میں گزری ہے اور یہ نقطۂ خیال ایک حد تک طبیعت ثانیہ بن گیا ہے - دانستہ یا نادانستہ میں اسی نقطہ نگاہ سے حقائق اسلام کا مطالعہ کرتا ہوں اور مجھ کو بارہا اس کا تجربہ ہوا ہے کہ اردو میں گفتگو کرتے ہوئے میں اپنے مافی الضمیر کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتا "-

شاید یہ عذر خواہی کچھ اس لیے ہو کہ ''اہل زبان' حضرات کی طرف سے ایک زمانے میں اقبال کے اردو کلام پر جا بجا زبان کے اعتراضات کیے گئے تھے جس کا انھوں نے اپنے ایک مضمون ''اردو زبان پنجاب میں'' (مطبوعہ مخزن ۱۹۰۲ء) میں جواب بھی دیا تھا اور اس میں بعض ایسے نکتے بھی اٹھائے تھے جو لسانی نقطۂ نظر سے بہت اہم ہیں - اقبال کشمیری نژاد پنجابی تھے - وہ پنجابی بولتے تھے، اردو لکھتے تھے اور ان کے لیے اہل پنجاب کے نظریئے کے مطابق ان دونوں زبانوں میں کوئی بعد اور مغائرت نہ تھی - یہ قدرتی امر ہے کہ وہ محاورات میں ''اہل زبان'' کے پابند نہیں ہو سکتے تھے اور ان کا روزمرہ اپنے ماحول سے بیگانہ نہیں ہو سکتا تھا - اس لیے کہ وہ زبان کے معاملے میں زیادہ حقیقت پسند واقع ہوئے تھے - اسی روش نے ان کے نثری اسلوب میں انفرادیت پیدا کی - زبان کے بارے میں اقبال کا یہ شعور کتنا سائنٹفک (عقلی) ہے :

''جو زبان ابھی زبان بن رہی ہو اور جس کے محاورات و الفاظ جدید ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اختراع کیے جا رہے ہوں اس کے محاورات وغیرہ کی صحت و عدم صحت کا معیار قائم کرنا میری رائے میں محالات سے ہے - ابھی کل کی بات ہے ، اردو جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں تک محدود تھی - مگر چونکہ بعض خصوصیات کی وجہ سے اس میں بڑھنے کا مادہ تھا اس واسطے اس بولی نے ہندوستان کے دیگر حصوں کو بھی تسخیر کرنا شروع کیا اور کیا تعجب ہے کہ کبھی تمام ملک ہندوستان اس کے زیر نگین ہو جائے - ایسی صورت میں یہ ممکن نہیں کہ جہاں جہاں اس کا رواج ہو وہاں کے لوگوں کا طریق معاشرت، ان کے تمدنی حالات اور ان کا طرز بیان اس پر اثر کیے بغیر رہے - علم السنہ کا یہ ایک مسلم اصول ہے جس کی صداقت اور صحت تمام زبانوں کی

تاریخ سے واضح ہوتی ہے۔ اور یہ بات کسی لکھنوی یا دہلوی کے امکان میں نہیں ہے کہ اس اصول کے عمل کو روک سکے۔ تعجب ہے کہ میز، کمرہ، کچہری، نیلام وغیرہ اور فارسی اور انگریزی کے محاورات کے لفظی ترجمے کو بلا تکلف استعمال کرو، لیکن اگر کوئی شخص اپنی اردو تحریر میں کسی پنجابی محاورے کا لفظی ترجمہ یا کوئی پر معنی پنجابی لفظ استعمال کر دے تو اس کو کفر و شرک کا مرتکب سمجھو۔ اور باتوں میں اختلاف ہو تو ہو مگر یہ مذہب منصور ہے کہ اردو کی چھوٹی بہن یعنی پنجابی کا کوئی لفظ اردو میں گھسنے نہ پائے۔ یہ قید ایک ایسی قید ہے جو علم زبان کے اصولوں کے صریح مخالف ہے اور جس کا قائم و محفوظ رکھنا کسی فرد بشر کے امکان میں نہیں ہے۔ اگر یہ کہو کہ پنجابی کوئی علمی زبان نہیں ہے جس سے اردو الفاظ و محاورات اخذ کیے جائیں تو آپ کا عذر بیجا ہوگا۔ اردو ابھی کہاں کی علمی زبان بن چکی ہے جس سے انگریزی نے کئی ایک الفاظ بدمعاش، بازار، لوٹ، چالان، وغیرہ لے لیے ہیں اور ابھی روز بروز لے رہی ہے''۔

(مقالات اقبال، ص ۲۰، ۲۱)

یاد رہے اردو میں برہمنیت کے رجحان پر یہ ضرب کاری اقبال نے آج سے پون صدی پیشتر لگائی تھی۔ قیام پاکستان کے بعد اردو وادی سندھ کے ماحول میں بالکل فطری انداز میں نشو و ارتقا کے نئے مراحل سے گزر رہی ہے اور اقبال کا متذکرہ بالا لسانی تجزیہ کتنا ٹھوس اور حقیقی ثابت ہو رہا ہے۔

ذیل کے اقتباسات میں اقبال نے ایک زندہ زبان کی نشو و نما کے بارے میں جو موقف پیش کیا ہے وہ علمی لحاظ سے حقیقت پسندانہ ہونے کے علاوہ اقبال کی زبان دانی اور لسانی اعتبار سے اردو زبان کی بحیثیت

زندہ زبان ان کی بیش بہا خدمت کو بھی ظاہر کرتا ہے:

''زبان کو میں ایک بت تصور نہیں کرتا جس کی پرستش کی جائے، بلکہ اظہار مطالب کا ایک انسانی ذریعہ خیال کرتا ہوں۔ زندہ زبان انسانی خیالات کے انقلاب کے ساتھ بدلتی رہتی ہے اور جب اس میں انقلاب کی صلاحیت نہیں رہتی تو مردہ ہو جاتی ہے۔ ہاں ترکیب کے وضع کرنے میں مذاق سلیم کو ہاتھ سے نہ دینا چاہیے''۔

(اقبالنامہ، حصہ اول، ص ۵۶)

''زبانیں اپنی اندرونی قوتوں سے نشو و نما پاتی ہیں اور نئے خیالات و جذبات کے ادا کر سکنے پر ان کی بقا کا انحصار ہے''۔

(اقبالنامہ، حصہ دوم، ص ۸۵)

اقبال کے اسلوب نگارش کا جائزہ لیتے ہوئے زندہ زبان کی ہر لحظہ نشو و نما کے بارے میں ان کے اس شعور کو مد نظر رکھنا بہت ضروری ہے۔ اور یہ حقیقت بھی واضح رہنی چاہیے کہ اقبال اردو کو ایک زندہ زبان سمجھتے تھے، اسے ماضی کے کسی درخشاں دور کی علامت یا کسی قدیم تہذیبی مرکز کی قابل فخر یادگار نہیں سمجھتے تھے کہ اسے سجا بنا کر کسی عجائب گھر کی زینت بننے دیں۔

اسلوب کے مطالعے میں مصنف کے نفسیاتی محرکات، تعلیم کے مراحل، زمانے کے رجحانات اور اسلوب کے ارتقائی سلسلوں کے علاوہ کچھ اور عوامل بھی انجانے طور پر اپنا اپنا کام کرتے ہیں۔ اقبال کے نثری اسلوب کے مطالعے میں ان باتوں کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔ اقبال کی طالب علمی کے زمانے میں جدید تعلیم کے حصول اور مغربی علوم کے مطالعے کا سلسلہ تیزی سے ملک میں پھیلنا شروع ہو گیا تھا۔ پچھلی نسل کے اہل قلم جو اس زمانے میں مجلس علم و ادب کے صدر نشین تھے، اردو زبان کے قدرتی سرچشموں عربی، فارسی، سنسکرت سے واقف تھے (اگرچہ

سنسکرت ایک مردہ زبان کی حیثیت سے برہمنوں کے ایک حلقے تک محدود تھی) ۔ وہ مغربی علوم اور زبانوں کے چرچے تو سنتے تھے لیکن ان سے انہیں آگاہی حاصل نہیں تھی ۔ نئی نسل جو اقبال کے ساتھ مصاف زندگی میں نکلی، مغربی زبانوں اور ان کے علوم سے آگاہی کے علاوہ مشرقی زبانوں اور ان کے علوم سے بھی قریب تھی، اس لیے قدرتی طور پر اس کے افکار اور اسلوب میں ایک نیا رنگ ظاہر ہوا ۔ اسی رنگ کو بعض حضرات اردو میں رومانی نثر کا آغاز کہتے ہیں ۔ اس رومانی انداز میں مشرق و مغرب کے بہت سے رنگ ملے ہوئے تھے ۔ اقبال نے مشن سکول و کالج سیالکوٹ اور گورنمنٹ کالج لاہور میں تعلیم حاصل کی ۔ تعلیم کے دوران میں انگریزی کے علاوہ عربی ان کا خاص مضمون تھا اور بی ۔ اے تک انہوں نے عربی زبان میں اچھا خاصا درک حاصل کر لیا تھا ۔ فارسی زبان انہوں نے سکول و کالج میں تو نہیں پڑھی لیکن اپنے طبعی شوق سے سیالکوٹ کے مدرسوں میں جا کر اس میں بھی خاصی استعداد پیدا کر لی جو آگے چل کر ان کی فارسی شاعری کے لیے سند ثابت ہوئی ۔ نثر میں بھی عربی و فارسی کی اس استعداد کا اثر خاصا ہوا ، خصوصاً علمی مطالب کے ادا کرنے کے لیے جب اقبال کو تراکیب وضع کرنے کی ضرورت پیش آئی تو عربی و فارسی کے مذاق سلیم نے بھی اپنا جلوہ دکھایا ۔ اعلی تعلیم کے لیے اقبال نے فلسفے کا مضمون چنا، تاریخ سے بھی انہیں بڑی دلچسپی تھی اور قانون بھی ان کا موضوع تھا ۔ ان مضامین کے مطالعے نے ان کے ذہن کو حقائق علمی کے ادراک اور پھر ان کے راست اظہار کے اعتبار سے ایک خاص سانچے میں ڈھالا ۔ رسمی تعلیم سے فراغت کے بعد اقبال تین سال تک پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج میں میکلوڈ عربک ریڈر کی حیثیت سے تصنیف و تالیف اور درس و تدریس میں مصروف رہے ۔ اس دوران میں انہوں نے تاریخ، فلسفہ اور علم الاقتصاد کے موضوعات پر ٹھوس

علمی انداز میں مضامین لکھے ۔ تالیف و ترجمے کے اس سلسلے میں ان کے خاص کام یہ تھے :

(۱) تاریخ کے موضوع پر Stubbs کی تصنیف Early Plantagenents کا اردو میں تلخیص و ترجمہ ۔

(۲) علم الاقتصاد کے موضوع پر واکر Walker کی تصنیف Political Economy کا اردو میں تلخیص و ترجمہ ۔

(۳) علم الاقتصاد (تالیف) ۔

پہلے دونوں تراجم کا صرف تذکرہ کالج کی رپورٹوں میں ملتا ہے، ان کے مسودے معلوم نہیں کیا ہوئے ۔ البتہ تیسری تالیف، جو بقول اقبال کسی خاص انگریزی کتاب کا ترجمہ نہیں بلکہ اس کے مضامین مشہور و مستند کتب سے اخذ کر کے ان میں بعض جگہ اپنی ذاتی رائے کا بھی اظہار کیا گیا ہے جہاں انہیں اپنی رائے کی صحت پر پورا اعتماد تھا ، اس وقت تک دو بار چھپ چکی ہے ۔ ان تالیفات و تراجم سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اقبال کو شروع ہی میں اردو نثر کے سلسلے میں جو کام کرنا پڑا، وہ ٹھوس علمی نوعیت کا تھا جو اس منصب (میکلوڈ عربک ریڈر) کے فرائض میں شامل تھا ۔ شدید جذبات کا اظہار وہ اس زمانے میں اپنی اردو شاعری میں کر رہے تھے ۔ اس منصبی فریضے (نثر نگاری) میں جذبات کا دخل کم سے کم تھا ۔ اس تربیت و ریاضت کا اثر اسلوب نگارش پر ہونا قدرتی امر تھا ۔ چنانچہ اقبال کی شاعری اور نثر کے اسالیب نے شروع ہی سے جدا جدا راہیں اختیار کر لی تھیں ۔ اس لیے یہ کہنا کہ ''اقبال کو اپنے حالات کی بنا پر اردو نثر لکھنے کا اتفاق شاذ و نادر ہی ہوتا تھا لیکن بعض اوقات وہ نثر میں بھی شاعری کیا کرتے تھے'' (مرتب ''اقبال نامہ'' شیخ عطاء اللہ، حصہ دوم، صفحہ ۳۸) درست نہیں ہے ۔ تصنیف و تالیف کے علاوہ تدریس کا کام بھی اقبال کے منصبی فرائض میں شامل تھا ۔ یونیورسٹی کی ملازمت سے سبکدوش ہو کر اقبال

گورنمنٹ کالج لاھور میں فلسفے کے استاد مقرر ھوئے - طلبه کے سامنے مطالب کی وضاحت کا بے لاگ علمی انداز اختیار کرنا ایک ذمے دار استاد کے لیے ضروری ھوتا ھے - اس طریق کار کا اثر استاد کی تحریروں پر بھی لازماً پڑتا ھے - اقبال اس کلیے سے مستثنیٰ نہیں - ان کی آئندہ تحریروں میں بھی حقائق علمیه کا اظہار اور مطالب کی وضاحت بڑے نمایاں اوصاف ھیں جن کے پیدا کرنے میں اس ابتدائی دور کی تحقیقی اور تدریسی ذمے داریوں نے اھم حصه لیا ھے -

اقبال کے عہد میں نثری اسالیب کے ارتقا پر نظر ڈالی جائے تو اس زمانے کے ایک طرف سر سید، حالی، شبلی، نذیر احمد اور آزاد کی قائم کردہ علمی و ادبی روایت ملتی ھے اور اس کے متصل رومانی نثر نگاروں کا سلسله شروع ھو جاتا ھے جو اقبال کے معاصر بھی ھیں - سر سید احمد خان نے اردو نثر کو اجتماعی مقاصد زندگی کے اظہار کا وسیله بنا کر اس میں مدعا نگاری اور بیان کی بے ساختگی پر بڑا زور دیا - ان کے رفقاء نے اس امر میں ان کا ساتھ دیا اور اپنے اپنے انداز میں معاشرتی، تہذیبی، مذھبی، اخلاقی، تعلیمی مسائل کو عقلی انداز میں پیش کیا اور جذبے اور تخیل سے حتی الوسع گریز کیا - اس عقلی گرفت سے نثر میں افادیت تو خوب پیدا ھوئی لیکن اسلوب سے بے اعتنائی کی وجه سے ان لوگوں کی نثر لطافت و دلکشی سے محروم ھو گئی - اس امر میں سرسید اور رفقائے سر سید کی درجه بندی کی جا سکتی ھے - سرسید تو عبارت کے حسن کو بالکل ھی نظر انداز کر گئے (ماسوا چند مضامین میں که جو انھوں نے نسبتاً سکون و اطمینان کے ساتھ لکھے) حالی اپنے مرشد سے قدرے بہتر ھیں که عبارت کے حسن پر بھی ان کی نظر رھتی ھے اور شاعرانه ابہام ان کی منطقی خشک بیانی پر کبھی کبھی سایه فگن ھو کر فرحت افزا بن جاتا ھے - نذیر احمد محاورے کے ذریعے منطق کی سنگلاخ سرزمین میں کچھ پھول کھلا لیتے ھیں - نیز ان کے ناولوں کا قصه پن اور گھریلو

زندگی کے نقشے دلچسپ ھوتے ھیں - شبلی نے علمی مطالب کو بیان کی لطافت و شیرینی سے بہت خوشگوار بنا دیا - اگرچه استعارے اور مبالغے کی کثرت نے جوش بیان کے ساتھ مل کر ان کے علمی بیانات کو حقائق کے اعتبار سے کہیں کہیں مجروح بھی کیا ھے تاھم یه صورت شبلی کی تحریروں میں ھر جگه نہیں ھوتی - حشو و زوائد کی ھر صورت سے گریز کر کے کم سے کم لفظوں میں زیادہ سے زیادہ مطالب کو سمونے کی روش نے شبلی کے انداز میں ایجاز کی جو شکل اختیار کی وہ عالمانه طرز بیان کے لیے بہت اھم ھے - آزاد کی دنیا ھی اور تھی - وہ اپنے زمانے میں رھتے ھوئے بھی تخیل کے شہپروں پر سوار ھو کر خوابوں اور خیالوں کی دنیا میں پہنچ جاتے ھیں - رنگین استعارے، لفظی صنائع اور تلازمات انہیں بہت مرغوب ھیں - تاھم سلاست اور رنگینی کا امتزاج ان کی نثر کا رنگ خاص ھے جو قصے کہانیوں کے لیے بہت موزوں ھے اور اس اعتبار سے وہ سرسید کے دبستان نثر سے بالکل جدا اور کسی حد تک رومانی نثر نگاروں کے پیش رو کہے جا سکتے ھیں - جہاں تک علمی موضوعات کے بیان میں بے ساختگی، سلاست اور لطافت پیدا کر کے علمی و ادبی اسلوب کو ھم آھنگ کرنے کا تعلق ھے اس دور کے نثر نگاروں میں شبلی کا مرتبه سب سے اونچا ھے اور اس دور کے بعد آنے والے رومانی دور کے نثر نگار (جن کے ھاں علم اور ادب دونوں یکجا ھیں) شبلی کے انداز سے زیادہ متاثر ھوئے - اقبال کا شمار بھی انھی نثر نگاروں میں ھوتا ھے - ''علم الاقتصاد'' کے مسودے کو شبلی کی خدمت میں به نظر اصلاح پیش کرنا اور شبلی کا اس کتاب کے بعض حصوں میں زبان کے متعلق مشورے دینا، کچھ بلا سبب نہیں تھا -

اسلوب نگارش کے مطالعے میں ایک اھم مسئله موضوع کا بھی ھوتا ھے - جذبه، احساس، فکر، تخیل، یه سب امور اور شعور اور لاشعور کی کیفیتیں اپنی اپنی جگه اسلوب پر اثر انداز ھوتی ھیں لیکن موضوع کی

نوعیت بھی لب و لہجے کو متعین کرنے میں بڑا حصہ لیتی ہے ۔ اگر موضوع خالص جذباتی اور تاثراتی ہو گا تو اسی اعتبار سے لاشعور کی قوتیں بیدار اور اسلوب پر تخیل کی گرفت مضبوط ہو گی اور اگر موضوع عقلی ہو گا تو اس کی رعایت سے شعور و ادراک کا غلبہ ہوگا اور تخیل کا عنصر بھی کم سے کم تر ہو جائے گا ۔ مثلاً شبلی کی تحریروں میں جن خاص عناصر کو ان سے منسوب کیا جاتا ہے (اور جو واقعۃً ان کے مزاج کا لاینفک حصہ ہیں) ان کو اگر شبلی کی تصانیف ''الکلام'' اور ''علم الکلام'' میں دیکھا جائے تو یہاں یہ عناصر بہت کم نظر آئیں گے ۔ یہاں شبلی بڑے صبر و سکون کے ساتھ علمی نکات کی گرہیں کھولتے اور تشفی بخش طریقے سے عقلی دلیلوں کے ساتھ قاری کو قائل کرتے نظر آئیں گے ۔ یہ شبلی اس شبلی سے بہت مختلف ہوں گے جو شعرالعجم، موازنہ انیس و دبیر اور اپنی تاریخی سوانح عمریوں میں جوش جذبات کے عالم میں استعاروں اور مبالغوں کے بے محابا استعمال پر اتر آتے ہیں ۔ سیرت النبیؐ میں جذبہ بھی موجود ہے اور ساتھ ہی احساس ذمے داری بھی عناں گیر ہے ، اس لیے یہاں بھی متانت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹتا ۔ غرضیکہ موضوع بھی اسلوب کا رخ متعین کرنے میں اہم حصہ لیتا ہے ۔ موضوع کی مناسبت ہی سے بیانیہ، وصفیہ، استدلالی، تشریحی و توضیحی صورتیں اسلوب میں پیدا ہوتی ہیں ۔ چونکہ اقبال کی اردو نثر کے موضوعات مختلف ہیں ، اس لیے اسلوب کی بھی متنوع صورتیں ان کی تحریروں میں جلوہ گر نظر آئیں گی جن کے تنوع میں وہ عناصر بھی شامل ہوں گے جو ان کے مزاج کا حصہ تھے ۔ اسلوب کی یہ نیرنگی مکاتیب میں تو اور بھی نمایاں ہو جاتی ہے کیونکہ یہاں اسلوب کا لب و لہجہ مکتوب نگار اور مکتوب الیہ کے درمیان تعلقات کی نوعیت کے علاوہ ان مطالب و موضوعات سے بھی متعین ہو گا جو خط کی تحریر کا باعث ہوئے ۔ اقبال کے مکتوب الیہم کی تعداد بہت زیادہ ہے اور ان میں کئی طرح کے

لوگ شامل ہیں ۔ اس لیے اسلوب کا مسئلہ یہاں اور بھی نازک ہو جاتا ہے اور اگر یہ امر بھی پیش نظر رکھا جائے کہ اقبال خطوط اکثر قلم برداشتہ لکھتے تھے اور ان کی تحریر چونکہ مختلف تقاضوں سے (علمی سے لے کر معاملاتی اور کاروباری) ہوتی تھی اس لیے ضروری نہیں کہ یہ تحریریں کسی اطمینان و فراغت کے لمحے ہی میں لکھی گئی ہوں اور پھر خطوط کی صورت میں یہ تحریریں زیادہ تر نجی ہوتی ہیں، عام قارئین کا ان میں کوئی تصور بھی نہیں ہوتا ۔ لیکن زمانے کی ستم ظریفی سے یہ نجی تحریریں بھی پبلک میں آ کر رہتی ہیں ۔ یہی وہ نازک مقام ہے جس سے غالب بھی اپنے زمانے میں خائف ہوئے تھے اور ہر وہ مکتوب نگار خائف ہوتا ہے جو طباعت و اشاعت کے خطرے سے بے نیاز ہو کر عام کاروبار زندگی کی سطح پر خط کتابت کرتا رہتا ہے اور جب یہ خطرہ امر واقع بننے لگتا ہے تو کاتب تحریر کا اضطراب قابل دید ہوتا ہے ۔ یہ خطرہ اقبال کو بھی پیش آیا ، اگرچہ ان کے خطوط کے مجموعے ان کی وفات کے بعد چھپنے شروع ہوئے اور اب تو ''تبرکات'' اقبال کے طور پر ان کے قلم سے نکلا ہوا ہر ہر لفظ محفوظ کیا جا رہا ہے، خواہ وہ کسی دوا کے اشتہار کے طور ہی پر کیوں نہ ہو ۔ اقبال نے اپنی زندگی میں اس خطرے کا احساس کرتے ہوئے اپنے ایک خط میں لکھا ہے :

''مجھے یہ سن کر تعجب ہوا کہ آپ میرے خطوط محفوظ رکھتے ہیں ۔ خواجہ حسن نظامی بھی ایسا ہی کرتے ہیں ۔ کچھ عرصہ ہوا، جب انھوں نے میرے خطوط ایک کتاب میں شائع کر دیئے تو مجھے بہت پریشانی ہوئی کیونکہ خطوط ہمیشہ عجلت میں لکھے جاتے ہیں اور ان کی اشاعت مقصود نہیں ہوتی ۔ عدیم الفرصتی تحریر میں ایک ایسا انداز پیدا کر دیتی ہے جس کو پرائیویٹ خطوط میں معاف کرسکتے ہیں مگر اشاعت ان کی نظر ثانی کے بغیر نہ ہونی چاہیے ۔ اس کے علاوہ میں پرائیویٹ خطوط کے طرز

بیان میں خصوصیت کے ساتھ لاپروا ھوں ۔ امید ھے، آپ میرے خطوط کو اشاعت کے خیال سے محفوظ نہ رکھتے ھوں گے ۔''

(خط محررہ ۱۹ اکتوبر ۱۹۱۹ء)

(مکاتیب اقبال، بنام نیازالدین خان، ص ۲۴)

علمی نثر جذبات سے پاک ھوتی ھے ۔ اس میں ٹھوس معلومات اور خشک حقائق منطقی پیرائے میں پیش کر کے کچھ نتیجے نکالے جاتے ھیں ۔ ایسی نثر کو شعر کی ضد بھی کہا جا سکتا ھے ۔ اس میں تاثرات بیان کرنے کی گنجائش ھی نہیں ھوتی ، نہ متاثر کرنا اس کا مقصود اصلی ھے ۔ اس کا مقصد تو قائل کرنا ھوتا ھے ۔ قواعد زبان کی پابندی کے علاوہ موضوع کو مناسب الفاظ اور مختصر پیرائے میں پیش کر دیا جائے تو معلومات کے راست ابلاغ میں سہولت اور قائل کرنے میں آسانی ھوتی ھے ۔ سادگی اور سلاست بھی اس کے لیے اضافی باتیں ھیں کیونکہ کسی علمی موضوع کے بیان میں متعلقہ علم کی کچھ مصطلحات بھی آئیں گی اور کچھ خاص الفاظ بھی، جو بظاھر ادق ھو سکتے ھیں لیکن موضوع کی مناسبت سے ان کا تحریر میں آنا ناگزیر ھوتا ھے۔ اس قسم کی نثر کے مخاطب بھی عام قارئین نہیں ھوتے بلکہ اس علم کے متلاشی ھوتے ھیں اور تحریر میں اگر مؤلف علم کی اس خاص شاخ کی مصطلحات اور الفاظ کے علی الرغم اپنی بات کی وضاحت میں کامیاب ھو جائے تو اس کے اسلوب کو اطمینان بخش کہا جائے گا ۔ اقبال کی تالیف ''علم الاقتصاد'' کا شمار اسی ذیل میں ھوتا ھے ۔

اقتصادیات یا سیاست مدن کا مضمون علم کی ایک نئی شاخ کے طور پر ملک کے نظام تعلیم میں شامل ھو رھا تھا ۔ موجودہ زمانے کے معاشی مسائل نے اس علم میں بے پناہ وسعت پیدا کر دی ھے ۔ آج سے ستر سال قبل جب اقبال نے اپنی اس پہلی تالیف کی تدوین کی تو اس وقت اردو میں اس علم کی اصطلاحات کو وضع کرنے کا مسئلہ بھی درپیش تھا ۔ اقبال نے

بعض اصطلاحات خود وضع کی ھیں اور بعض عربی زبان کی متداول اصطلاحات کو اردو میں لے لیا ھے ۔ اس علم کے نقطۂ نظر سے انھوں نے جہاں کسی اردو لفظ کو نیا مفہوم پہنایا ھے اس کی تصریح بھی ساتھ ھی کر دی ھے ۔ انھوں نے انگریزی محاورے کی تقلید میں اسم ذات کو اسم صفت کے معنوں میں بھی استعمال کیا ھے مثلاً ''سرمایہ'' سرمایہ داروں کے معنی میں یا ''محنت'' محنت کشوں کے معنی میں ۔ سرمایہ و محنت کا یہ مفہوم اُس وقت اردو والوں کے لیے غیر مانوس ھو گا لیکن اقتصادیات کے علم کے ساتھ بالآخر یہ اردو کا عام محاورہ بن چکا ھے اور سرمایہ و محنت کی یہ آویزش آج ادبیات میں بھی خوب چلتی ھے۔ علمی تقاضے کے تحت اقبال نے اصطلاحات، الفاظ اور محاورے کے استعمال میں مذاق سلیم سے کام لیا ھے اور خواہ مخواہ نامانوس عربی الفاظ اردو میں ٹھونسنے کی کوشش نہیں کی۔ مرادفات کے استعمال میں بھی ان کے باریک فرق کو ملحوظ رکھا ھے ۔ دیباچے میں اس امر کی وضاحت کرتے ھوئے لکھتے ھیں کہ ''میں نے مانگ اور طلب، دستکاری اور محنت، دستکار اور محنتی، نفع اور منافع، ساھوکار اور سرمایہ دار، مالک و کارخانہ دار مرادف استعمال کیے ھیں ۔ پیدایش اور پیداوار کا استعمال ایک باریک فرق کو ظاھر کرتا ھے ۔ یعنی پیدایش سے مراد فعل کی ھے اور پیداوار سے مراد نتیجۂ فعل کی ۔ علیٰ ھذالقیاس لفظ تبادلہ اس جگہ استعمال کیا ھے جہاں مبادلۂ اشیاء زر نقد کی وساطت سے کیا جائے اور لفظ مبادلہ اس موقع پر استعمال کیا ھے جہاں ایک شے دوسری شے کے عوض میں دی جائے ۔ عربی زبان میں مبادلے کا یہ مفہوم لفظ مقائضہ سے ظاھر کیا جاتا ھے مگر چونکہ یہ لفظ عام فہم نہیں ھے ، اس واسطے میں نے اس کے استعمال سے احتراز کیا ھے''۔

(دیباچہ علم الاقتصاد ، ص ۲۵ ، ۲۶)

علمی لحاظ سے زبان کو باثروت بنانے کی اس قابل قدر کوشش کے

باوجود اقبال زباندانی کے بارے میں یہ عذر خواہی کرتے ہیں :

''زبان اور طرز عبارت کے متعلق صرف اس قدر عرض کر دینا کافی ہو گا کہ میں اہل زبان نہیں ہوں - جہاں تک مجھ سے ممکن ہوا ہے میں نے اقتصادی اصولوں کے حقیقی مفہوم کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے اور اردو زبان میں اس متین طرز عبارت کی تقلید کرنے کی کوشش کی ہے جو انگریزی علمی کتابوں میں عام ہے۔''

(دیباچہ علم الاقتصاد، ص ۲۰)

اگر ''اہل زبان'' کو بھی یہاں بطور ایک اصطلاح کے لیا جائے تو اقبال کا اہل زبان نہ ہونا اس تالیف کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اگر وہ ''اہل زبان'' ہوتے تو محاورے اور روزمرے کے چٹخارے سے بچنا ان کے لیے مشکل ہوتا اور وہ علمی لحاظ سے متین طرز عبارت اس خوبی سے اختیار نہ کر سکتے - ''علم الاقتصاد'' کے اسلوب کو اس لحاظ سے اردو میں علمی نثر کا پہلا کامیاب تجربہ کہا جا سکتا ہے - اس تالیف کی عبارتیں متانت اور وقار کے ساتھ معلومات کی ترسیل کرتی ہیں - اس میں کوئی فالتو بات، کوئی معنوی ابہام، کوئی لفظی رعایت دور دور تک نظر نہیں آئے گی - موضوع خشک ہے - لکھنے والے کو بھی اپنی ذات کی قربانی دے کر اس میں ریاضت کرنی پڑی ہے - عام دلچسپی یہاں مفقود ہے لیکن اقتصادیات کے متلاشی کے لیے آج سے ستر سال قبل کی معلومات کے مطابق اس میں بہت کچھ ہے - علم الاقتصاد اور علم الاخلاق کے باہمی ربط کے بارے میں مندرجہ ذیل سطور اس طرز تحریر کی متانت ظاہر کرنے کے علاوہ عام قاری کے نقطۂ نظر سے بھی بصیرت افروز ہوں گی :

''اگرچہ علم الاقتصاد دیگر علوم میں سے بعض کے ساتھ ایک ضروری تعلق رکھتا ہے مگر علم الاخلاق کے ساتھ اس کا تعلق بہت گہرا ہے - اس علم کی طرح علم الاخلاق کا موضوع بھی وہی اشیاء ہیں جو بعض انسانی مقاصد کے حصول سے وابستہ ہیں - فرق صرف

اس قدر ہے کہ علم اخلاق کا موضوع وہ افعال ہیں جو زندگی کے افضل ترین مقصد کے حصول کی شرائط ہیں اور علم الاقتصاد کا موضوع وہ اشیاء ہیں جو انسان کے معمولی مقاصد کے حصول کے لیے ضروری ہیں - اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انسان کے معمولی مقاصد کی پوری قدر سمجھنے کے لیے ان پر اخلاقی مقاصد کے لحاظ سے نگاہ ڈالنا چاہیے - مثلاً خوراک، لباس، مکان ، ہماری زندگی کے لیے ضروری ہیں اور ان کی قدر ان مقاصد کی قدر پر منحصر ہے جن کو یہ پورا کرتے ہیں۔ مگر زندگی کے ان معمولی مقاصد کی اصلی وقعت صرف اس صورت میں معلوم ہو سکتی ہے جب ہم ان پر زندگی کے افضل ترین مقصد کے لحاظ سے غور کریں - اس لیے علم الاقتصاد کو وضاحت کے ساتھ سمجھنے کے لیے کسی قدر مطالعہ علم اخلاق کا بھی ضروری ہے - اکثر مصنفین نے اس صداقت کو محسوس نہیں کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دولت بلا لحاظ زندگی کے افضل ترین مقصد کے بجائے خود ایک مقصد تصور کی گئی جس سے بعض تمدنی اصلاحوں کے ظہور پذیر ہونے میں بے جا تعویق ہوئی اور دولت کے پیار کرنے والوں کی حرص و آز پہلے سے زیادہ تیز ہو گئی''۔

(علم الاقتصاد، طبع ۱۹۶۱ء، ص : ۲۰، ۲۱)

کچھ مضامین ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا موضوع تو علمی ہوتا ہے لیکن یہ علمی موضوع جذبے کی تحریک سے خالی نہیں ہوتا۔ یہ جذبہ اجتماعی زندگی کے کسی نہ کسی احساس سے پیدا ہوتا ہے - اس لیے اس میں جذبے اور فکر کی آمیزش بڑے معتدل انداز میں ہوتی ہے - اس قسم کی تحریک میں تاثرات کی لہریں اور جذبے کی حدت تو ایک حد تک موجود ہوتی ہے لیکن تخیل کی جولانی مفقود ہوتی ہے - الفاظ کی موزونیت، لہجے کی متانت اور ایجاز بیان اس تحریر کا خاصہ ہوتا ہے - اقبال کی اکثر

تحریریں جن میں ''مخزن'' کے ابتدائی دور کے مضامین سے لے کر وہ مکاتیب بھی شامل کیے جا سکتے ہیں جو انہوں نے کسی نہ کسی قومی مسئلے کے بارے میں یا اپنے افکار و اشعار کی وضاحت کے سلسلے میں لکھے ہیں ۔ مخزن کے ابتدائی دور میں لکھے گئے مضامین میں اقبال نے رومانی تحریک کے بعض خصائص اپنے اسلوب میں جذب کیے ہیں لیکن اعتدال کے ساتھ ۔ ان کی نثر میں تخیل کے بے محابا ہونے کی توگنجائش ہی نہ تھی ، وہ تخیل سے کام لیتے ہیں لیکن تخیل پر تعقل کو حکمران بناتے ہیں ۔ جذبہ بھی کار فرما ہے لیکن جذبے پر فکر غالب ہوتا ہے ۔ الفاظ کی در و بست میں لطافت ملحوظ ہے لیکن عبارت حشو و زوائد سے پاک ہے۔ آرائش بیان کی بجائے ان کی نظر حقائق کے اظہار پر رہتی ہے ۔ محاوروں کا استعمال بھی ان کی تحریر میں کم سے کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال کی ان تحریروں کو پڑھ کر قاری کا ذہن ایک لحظہ کے لیے بھی اسلوب کی بھول بھلیوں میں نہیں الجھتا اور نہ ہی مطالب سے کہیں جدا ہوتا ہے۔ اسلوب بیان اور مدعا نگاری کا یہ حسین امتزاج جس میں ابلاغ کے تقاضوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، اقبال کی نثر کا خاص وصف ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریریں اپنی معتدل لطافت اور دلکشی سے پڑھنے والوں کو محظوظ بھی کرتی ہیں اور اپنے علمی مطالب سے ذہنوں کو قائل اور دلوں کو متاثر بھی کرتی ہیں۔

''بچوں کی تعلیم و تربیت'' اور ''قومی زندگی،، مخزن کے ابتدائی دور میں چھپنے والے مضامین میں سے ہیں ۔ ان کے مطالعے سے مذکورہ بالا نثری محاسن کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔ اتفاق سے یہ موضوعات بھی کم و بیش وہی ہیں جن پر سرسید کے زمانے سے مضامین کا سلسلہ جاری تھا ۔ ''بچوں کی تعلیم و تربیت'' ٹیکنیکی موضوع ہے جس میں بچے کی نفسیات کو مد نظر رکھ کر اس کی تعلیم و تربیت کے مختلف امور

سے بحث کی گئی ہے ۔ اس خالص علمی اور ٹیکنیکی بحث میں مصطلحات تعلیمی کے علی الرغم اقبال نے سادا، سلیس اور دلنشین انداز میں فلسفۂ تعلیم کی باریکیوں کو خوش اسلوبی سے سلجھایا ہے اور وضاحت کے لیے گرد و پیش کی زندگی کے مشاہدات سے ایسی چھوٹی چھوٹی جزئیات پیش کی ہیں جو بعض مقامات پر تصویر نما بن کر ایک مصور ادیب کے موقلم کا کرشمہ بن گئی ہیں ۔ فلسفی، ماہر تعلیم اور ادیب کا یہ خوشگوار ملاپ موضوع کی وضاحت کے لیے ضروری تھا ، کیونکہ یہ مضمون افادۂ عام کی خاطر لکھا گیا تھا اور اس کی غایت اقبال کے الفاظ میں یہ تھی :

''اس مضمون کی تحریر سے ہماری یہ غرض ہے کہ علمی اصولوں کی رو سے بچپن کا مطالعہ کر کے یہ معلوم کریں کہ بچوں میں کون کون سے قواء کا ظہور پہلے ہوتا ہے اور ان کی تعلیم و تربیت کس طرح ہونی چاہیئے ۔ ہم ایک ایسا طریق پیش کرنا چاہتے ہیں جو محض خیالی ہی نہیں ہے بلکہ ایک قابل عمل طریق ہے جس سے بچوں کی تعلیم کے لیے ایسے آسان اور صریح اصول ہاتھ آ جاتے ہیں جن کو معمولی سمجھ کا آدمی سمجھ سکتا ہے اور ان کے نتائج سے مستفید ہو سکتا ہے ۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ناظرین ان سے فائدہ اٹھائیں گے اور اپنے بچوں کی ابتدائی تعلیم میں ان اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھیں گے''۔

(مقالات اقبال، ص ۳)

اب اس مضمون کے مطالب اور اسلوب کی چند صورتیں ملاحظہ ہوں جن سے مذکورہ بالا تصریحات کی تصدیق بخوبی ہو جائے گی :

(۳) بچوں کو اشیاء کے غور سے دیکھنے اور بالخصوص ان کے چھونے میں لطف آتا ہے ۔ تین مہینے کی عمر کا بچہ ہو اور اس کی توجہ روشنی کی طرف منتقل ہو جائے تو ہاتھ پھیلاتا ہے اور شمع کے شعلے کو پکڑنے کی کوشش کرتا ہے ۔ نظر کے فعل سے

اس کی تسلی نہیں ہوتی ۔ حس لامسہ سے بھی مدد طلب کرتا ہے۔ کیونکہ اسے قدرتاً اشیاء خارجی کے چھونے میں مزا آتا ہے ۔ یہ بات تو ہر شخص کے تجربہ میں آئی ہوگی کہ جب بچے کی نظر دیوار کی کسی تصویر پر جا پڑے تو بے اختیار چلانے لگتا ہے اور چاہتا ہے کہ تصویر اتار کر اس کے ہاتھوں میں دے دی جائے ۔ چلانے سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے میاں اب چپ ہونے میں نہیں آئیں گے ۔ مگر جب مطلوبہ شے سامنے رکھ دی جائے تو چپ ہو جانا تو ایک طرف بعض اوقات آپ کی ہنسی بھی نکل جاتی ہے ۔ پس جس شے کے متعلق سبق دو اس کو بچے کے سامنے رکھو اور جب سبق ختم ہو جائے تو شے مذکور اس کے ہاتھ میں دے دو۔ مشاہدہ سے حس بصر کی تربیت ہوتی ہے، چھونے سے قوت لمس معتدبہ فروغ پاتی ہے، گفتگو اور راگ وغیرہ سے قوت سامعہ ترقی کرتی ہے۔ اس طرح لمس اور بصر کے متحدہ استعمال سے بچے کو صورت شے کا ادراک ہوتا جائے گا۔

(مقالات اقبال، ص ٥)

(٥) بچے میں بڑوں کی نقل کرنے کا مادہ خصوصیت سے زیادہ ہوتا ہے ۔ ماں ہنستی ہے تو خود بھی بے اختیار ہنس پڑتا ہے ۔ باپ کوئی لفظ بولے تو اس کی آواز کی نقل اتارے بغیر نہیں رہتا ۔ ذرا بڑا ہوتا ہے اور کچھ باتیں بھی سیکھ جاتا ہے تو اپنے ہمجولیوں کو کہتا ہے، آؤ بھئی ہم مولوی بنتے ہیں تم شاگرد بنو ۔ کبھی بازار کے دوکان داروں کی طرح سودا سلف بیچتا ہے ۔ کبھی پھر کر اونچی آواز دیتا ہے کہ ''چلے آؤ انار سستے لگا دیئے''۔ اس وقت میں بڑا ضروری ہے کہ استاد اپنی مثال بچے کے سامنے پیش کرے تاکہ اسے اس کے ہر فعل کی نقل کرنے کی تحریک ہو۔

(مقالات اقبال، ص ٦)

(٦) قوت متخیلہ یا واہمہ بھی بچوں میں بڑی نمایاں ہوتی ہے ۔ شام ہوئی اور لگا ستانے اپنی ماں کو ''اماں جان! کوئی کہانی تو کہہ دو'' ۔ ماں چڑیا یا کوے کی کہانی سناتی ہے تو خوشی کے مارے لوٹ جاتا ہے۔ ذرا بڑا ہوا اور پڑھنا سیکھ گیا تو ناولوں اور افسانوں کا شوق پیدا ہوتا ہے ۔ استاد کو چاہیے کہ قوت واہمہ کی نمو کی طرف بالخصوص خیال رکھے ۔ ایسا نہ ہو کہ یہ قوت بے قاعدہ طور پر بڑھ جائے اور اس سے قوائے عقلیہ کی ترقی میں نقص پیدا ہو ۔ بعض حکماء کی رائے ہے کہ اس قوت کی تربیت کی اتنی ضرورت نہیں جس قدر کہ اسے مناسب حدود کے اندر رکھنے کی ہے ۔ بچے کی اس خصوصیت سے بے انتہا تعلیمی فائدہ ہو سکتا ہے ۔ اکثر مکتبوں میں لڑکے کاغذ کی کشتیاں دن رات بنایا کرتے ہیں ، قوت واہمہ کے لیے یہ اچھی مشق ہے ۔

(مقالات اقبال، ص ٦)

ان اقتباسات میں حس لامسہ، حس بصر ، قوت لمس، قوت سامعہ، قوت متخیلہ، قوت واہمہ، قوائے عقلیہ، صورت شے، ادراک وغیرہ اس موضوع کے ٹیکنیکی الفاظ و مصطلحات ہیں جو سادا و رواں عبارت کے اندر بڑی خوبی کے ساتھ آئے ہیں ۔ موضوع علمی ہے لیکن اس میں جا بجا گفتگو اور مکالمے کا پیرایہ اختیار کر کے بے تکلفی کا رنگ دیا گیا ہے جو انشائیہ نگاری کا خاصہ ہے ۔ اس سے وہ خشکی اور ثقالت جو علم الاقتصاد کے اسلوب میں نظر آتی ہے، یہاں ناپید ہے ۔

''قومی زندگی،، میں جذبات کا لاوا ابل رہا ہے، تاثرات کا ہجوم شدت جذبات کا آئینہ دار ہے لیکن مصنف کا قلم یہاں بھی بے قابو نہیں ہو پایا اور نہ ہی تخیل کی لامحدود پہنائیوں میں گم ہوا ہے ۔ وہ تلخ حقائق کو درد مندانہ پیرائے میں بڑی سادگی ، سلاست اور روانی کے ساتھ بیان کرتا چلا جاتا ہے اور ان سے جو نتائج اخذ کرتا ہے وہ پڑھنے

والے کو متاثر و مطمئن کرتے ھیں - جذبے اور عقل کا یہ خوشگوار امتزاج اس مضمون کا خاصہ ھے اور اس کی اھمیت کا احساس آغاز ھی میں ان سطور سے ھو جاتا ھے جہاں مصنف اقوام عالم کی تاریخ کے اس نازک دور میں قلم اور تلوار کا موازنہ کرتے ھوئے یہ کہتا ھے :

''ایک زمانہ تھا جب کہ اقوام دنیا کی باھمی معرکہ آرائیوں کا فیصلہ تلوار سے ھوا کرتا تھا اور یہ فولادی حربہ دنیاے قدیم کی تاریخ میں ایک زبردست قوت تھی - مگر حال کا زمانہ ایک عجیب زمانہ ھے جس میں قوموں کی بقا ان کے افراد کی تعداد، ان کے زور بازو اور ان کے فولادی ھتھیاروں پر انحصار نہیں رکھتی بلکہ ان کی زندگی کا دار و مدار اس کاٹھ کی تلوار پر ھے جو قلم کے نام سے موسوم کی جاتی ھے''۔

(مقالات اقبال، ص ۳۹)

جذبے اور فکر کی آمیزش نے اس مضمون کے اسلوب میں سلاست اور روانی پیدا کر دی ھے - چھوٹے چھوٹے فقرے سانس کے زیر و بم کے ساتھ نہایت بے ساختگی سے ھجوم در ھجوم چلے آتے ھیں جیسے کوئی ندی دامن کہسار سے نکلتی ھوئی موج در موج سکون خاطر کی تلاش میں میدان کی جانب رواں دواں ھو - اس فکر انگیز نثر کے چند نمونے ملاحظہ ھوں :

''واقعات عالم کے مشاھدہ سے حکماء اس نتیجے پر پہنچے ھیں کہ زندگی کی مختلف صورتوں یعنی انسانوں، حیوانوں، پودوں وغیرہ میں ایک قسم کی عالمگیر جنگ جاری رھتی ھے - گویا نظام فطرت کا راز کارزار زندگی کا ایک دردناک نظارہ ھے، جس میں ھر طبقے کے حیوان اپنے ھمسایہ طبقوں سے بر سر پیکار رھتے ھیں اور اس کشمکش حیات میں کامیاب ھونے کے لیے ھر طبقۂ زندگی مصروف رھتا ھے - لیکن فتح صرف اسی طبقے کو حاصل ھوتی ھے جس میں رھنے کی قابلیت ھو، یعنی جس نے زندگی کے متغیر حالات کے ساتھ

موافقت پیدا کر لی ھو''۔

(مقالات اقبال، ص ۴۱)

''مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ اس اعتبار سے مسلمانوں کو دیکھا جائے تو ان کی حالت نہایت مخدوش نظر آتی ھے - یہ بدقسمت قوم حکومت کھو بیٹھی ھے - صنعت کھو بیٹھی ھے - تجارت کھو بیٹھی ھے - اب وقت کے تقاضوں سے غافل اور افلاس کی تیز تلوار سے مجروح ھو کر ایک بے معنی توکل کا عصاء ٹیکے کھڑی ھے - اور باتیں تو خیر، ابھی تک ان کی مذھبی نزاعوں کا ھی فیصلہ نہیں ھوا - آئے دن ایک نیا فرقہ پیدا ھوتا ھے جو اپنے آپ کو جنت کا وارث سمجھ کر باقی تمام نوع انسان کو جہنم کا ایندھن قرار دیتا ھے - غرضیکہ ان فرقہ آرائیوں نے خیرالامم ؐ کی جمعیت کو کچھ ایسی بری طرح منتشر کر دیا ھے کہ اتحاد و یگانگت کی کوئی صورت نظر نہیں آئی''۔

(مقالات اقبال، ص ۵۲)

''عوام کی تو کچھ نہ پوچھیے، کوئی اپنی عمر کا اندوختہ بچے کے ختنے پر اڑا رھا ھے- کوئی استاد کے خوف سے اپنے ناز پروردہ لڑکے کا پڑھنا لکھنا چھڑا رھا ھے - کوئی دن بھر کی کمائی شام کو اڑاتا ھے اور کل کا اللہ مالک ھے کہہ کر اپنے دل کو تسکین دیتا ھے - کہیں ایک معمولی بات پر مقدمہ بازیاں ھو رھی ھیں- کہیں جائیداد کے جھگڑوں سے جائیدادیں فنا ھو رھی ھیں - غرض کس کس کی شکایت کریں - لنکا میں جو رھتا ھے باون ھی گز کا ھے - تمدن کی یہ صورت کہ لڑکیاں ناتعلیم یافتہ، نوجوان جاھل، روزگار ان کو نہیں ملتا - صنعت سے یہ گھبراتے ھیں - حرفت کو یہ عار سمجھتے ھیں - مقدمات نکاح کی تعداد ان میں روز بروز بڑھ رھی ھے - جرم کی مقدار روز افزوں ھے - دماغ

شاهجهانی، آمدنیاں قلیل اور افلاس کا یه عالم که رمضان خوب مهینه هے مسلمانوں کا''۔

(مقالات اقبال، ص ۵۳)

تاثرات کے اس هجوم میں بھی بے ساخته طور پر بعض برجسته فقرے تصویر نما پیرائے میں نظروں کے سامنے آ جاتے هیں که جنهیں ادبی لحاظ سے خیال افروز کها جا سکتا هے، مثلاً:

''برق جس کی مضطربانه چمک تهذیب کے ابتدائی مراحل میں انسان کے دل میں مذهبی تاثرات کا ایک هجوم پیدا کر دیا کرتی تھی، اب اس کی پیام رسانی کا کام دیتی هے۔ سٹیم اس کی سواری هے اور هوا اس کے پنکھے جھلا کرتی هے''۔

(مقالات اقبال، ص ۴۰)

''میں صنعت و حرفت کو قوم کی سب سے بڑی ضرورت خیال کرتا هوں اور اگر میرے دل کی پوچھو تو سچ کهتا هوں که میری نگاه میں اس بڑهئی کے هاتھ جو تیشے کے متواتر استعمال سے کھردرے هو گئے هیں، ان نرم نرم هاتھوں کی نسبت بدرجها خوبصورت اور مفید هیں جنهوں نے قلم کے سوا کسی اور چیز کا بوجھ کبھی محسوس نهیں کیا''۔

(مقالات اقبال، ص ۶۱)

اقبال کے ابتدائی دور کے مضامین میں جذبات، افکار اور تاثرات کا کسی قدر هجوم بھی هے جو کچھ تو مخزن کی رومانی ادبی تحریک کے اثر سے هے اور کچھ طبیعت کا وہ رنگ بھی اس میں جھلکتا هے جو ایام شباب کی یاد دلاتا هے۔ بانگ درا کے ابتدائی دور کی شاعری کو بھی اس کے ساتھ رکھ کر دیکھا جائے تو یه بات پوری طرح واضح هو جائے گی۔ اس زمانے کے ملکی و قومی حالات کے اثر سے جذباتی هیجان کا پیدا هونا قدرتی امر تھا جو شاعری میں قدرے گهرا اور شوخ هو گیا هے

لیکن نثر میں اپنی عقلی تربیت کی وجه سے اقبال نے جذبے اور فکر کی آمیزش سے میانه روی اختیار کی هے۔ یورپ سے واپسی کے بعد اس جذباتی هیجان میں بهت کمی آ چکی تھی۔ البته جذبے کی گرمی، فکر کی رفعتوں سے مل کر حقائق کی ایک نئی وادی میں گامزن سفر هوئی۔ اسرار و رموز، اسی وادی کے ثمر هیں۔

نثر میں بھی ان ثمرات کی جھلک نظر آ جاتی هے، لیکن یه نگارشات مضامین کی صورت میں کم اور خطوط کی شکل میں زیاده هیں۔ ان خطوط میں اقبال نے یا تو اپنے افکار کی وضاحت کی هے یا کسی نه کسی علمی مسئلے پر استفسار کا جواب دیا هے یا اظهار خیال کیا هے۔ ظاهر هے که یه اظهار ان خطوط کے مکتوب الیهم کی شخصیت، علمی مرتبے اور تعلقات کی نوعیت کے مطابق هوا هے۔ عام قارئین یهاں مدنظر نهیں تھے (ان مکتوب الیهم میں سید سلیمان ندوی جیسی شخصیات شامل هیں) اقبال کے اسلوب میں یهاں خاصا ٹھهراؤ هے۔ وہ بڑے ٹھوس انداز میں فلسفیانه مسائل پر بے ساخته طور پر لکھتے چلے جاتے هیں۔ خودی اور زمان و مکان کے تصورات پر علمی مصطلحات اور عربی و فارسی کے دقیق الفاظ بھی ان تحریروں میں آتے هیں (اور یه ناگزیر تھے) لیکن وضاحت هر جگه مد نظر هے۔ کم سے کم الفاظ میں زیاده سے زیاده مطالب بیان کرنا اقبال کے اسلوب کا عام وصف هے لیکن خطوط میں تو یه اور بھی ضروری هو جاتا هے۔ کیونکه یهاں طول بیانی کی کوئی گنجائش هی نهیں هوتی۔ اور پھر چونکه کاتب کو مکتوب الیه کی فضیلت علمی پر بھروسه هوتا هے اس لیے وہ ایجاز بیان کی روش اور بھی زیاده بے تکلفی سے اختیار کر سکتا هے۔ تاهم ان تحریروں میں عام قاری بھی اقبال کے نقطه نظر کو بخوبی سمجھ سکتا هے اور بلا مبالغه یه کها جا سکتا هے که شارحین اقبال کی فلسفیانه موشگافیوں کی به نسبت یه تحریریں افکار اقبال کی وضاحت کے سلسلے میں زیاده قابل فهم هیں اور ان کی روشنی میں

فکر اقبال کی بعض باریکیوں کو آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے ۔ خطوط میں سے چند مقامات بطور مثال یہاں پیش کیے جاتے ہیں ۔ ذیل کے دو اقتباس استفسار کی صورت میں ہیں جن کے مخاطب سید سلیمان ندوی ہیں :

''اگر دہر ممتد اور مستمر ہے اور حقیقت میں اللہ تعالٰی ہی ہے تو پھر مکان کیا چیز ہے؟ جس طرح زمان دہر کا ایک طرح سے عکس ہے اسی طرح مکان بھی دہر ہی کا عکس ہونا چاہیے گویا یوں کہیے کہ زمان و مکان دونوں کی حقیقت اصلیہ دہر ہی ہے، کیا یہ خیال محی الدین ابن عربی کے نقطہ خیال سے صحیح ہے؟''

(اقبالنامہ، حصہ اول، ص ۱۸۰)

''دنیا اس وقت عجیب کشمکش میں ہے ۔ جمہوریت فنا ہو رہی ہے اور اس کی جگہ ڈکٹیٹر شپ قائم ہو رہی ہے ۔ جرمنی میں مادی قوت کی پرستش کی تعلیم دی جا رہی ہے ۔ سرمایہ داری کے خلاف پھر ایک جہاد عظیم ہو رہا ہے ۔ تہذیب و تمدن (بالخصوص یورپ میں) بھی حالت نزع میں ہے ۔ غرض کہ نظام عالم ایک نئی تشکیل کا محتاج ہے ۔ ان حالات میں آپ کے خیال میں اسلام اس جدید تشکیل کا کہاں تک ممد ہو سکتا ہے ۔ اس مبحث پر اپنے خیالات سے مستفیض فرمائیے''۔

(اقبالنامہ، ص ۱۸۱)

ذیل کے اقتباسات ظفر احمد صدیقی کے نام ایک خط میں سے ہیں جس میں ''کسی ترقی پسند'' معترض کے اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے اقبال نے اپنے افکار کی وضاحت کی ہے :

''آخر اس غلامی کے زمانہ میں مسلمانوں کے پاس کونسا ذریعہ ہے جس سے وہ اپنی آئندہ نسلوں کو اسلامی تصورات کے بننے اور بگڑنے کی تاریخ سے آگاہ کر سکیں ۔ غلام قوم مادیات کو روحانیات پر مقدم سمجھنے پر مجبور ہو جاتی ہے اور جب انسان میں خوئے

غلامی راسخ ہو جاتی ہے تو ہر ایسی تعلیم سے بیزاری کے بہانے تلاش کرتا ہے جس کا مقصد قوت نفس اور روح انسانی کا ترفع ہو''۔

''حدود خودی کے تعین کا نام شریعت ہے اور شریعت کو اپنے قلب کی گہرائیوں میں محسوس کرنے کا نام طریقت ہے ۔ جب احکام الٰہی خودی میں اس حد تک سرایت کر جائیں کہ خودی کے پرائیویٹ امیال و عواطف باقی نہ رہیں اور صرف رضائے الٰہی اس کا مقصود ہو جائے تو زندگی کی اس کیفیت کو بعض اکابر صوفیائے اسلام نے فنا کہا ہے، بعض نے اسی کا نام بقا رکھا ہے ۔ لیکن ہندی اور ایرانی صوفیہ میں سے اکثر نے مسئلۂ فنا کی تفسیر فلسفۂ ویدانت اور بدھ مت کے زیر اثر کی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان اس وقت عملی اعتبار سے ناکارہ محض ہے ۔ میرے عقیدہ کی رو سے یہ تفسیر بغداد کی تباہی سے بھی زیادہ خطرناک تھی اور ایک معنی میں میری تمام تحریریں اسی تفسیر کے خلاف ایک قسم کی بغاوت ہیں''۔

''شاہین کی تشبیہ محض شاعرانہ تشبیہ نہیں ۔ اس جانور میں اسلامی فقر کے تمام خصوصیات پائے جاتے ہیں (۱) خود دار اور غیرتمند ہے کہ اور کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا (۲) بے تعلق ہے کہ آشیانہ نہیں بناتا (۳) بلند پرواز ہے (۴) خلوت پسند ہے (۵) تیز نگاہ ہے''۔

(اقبالنامہ، حصہ اول، ص ۲۰۱ تا ۲۰۵)

مضامین میں بھی دقیق علمی مسائل کی وضاحت کا یہی عالم ہے لیکن یہاں چونکہ فضا قدرے کشادہ ہے اور مخاطب کوئی ایک شخص نہیں بلکہ صاحب علم قارئین کی جماعت ہے، اس لیے بیان میں بھی کسی قدر صراحت آ گئی ہے۔ ''اسرار خودی'' کا دیباچہ جو پہلے ایڈیشن کے

ساتھ شائع ہوا، اقبال کی فلسفیانہ تحریروں میں قابل ذکر ہے ۔ چند سطور ملاحظہ ہوں :

''یہ وحدت وجدانی یا شعور کا روشن نقطہ جس سے تمام انسانی تخیلات و جذبات و تمنیات مستنیر ہوتے ہیں ، یہ پر اسرار شے جو فطرت انسانی کی منتشر اور غیر محدود کیفیتوں کی شیرازہ بند ہے یہ ''خودی،، یا ''انا'' یا ''میں'' جو اپنے عمل کی رو سے ظاہر اور اپنی حقیقت کی رو سے مضمر ہے، جو تمام مشاہدات کی خالق ہے مگر جس کی لطافت مشاہدہ کی گرم نگاہوں کی تاب نہیں لا سکتی، کیا چیز ہے؟ کیا یہ ایک لازوال حقیقت ہے یا زندگی نے محض عارضی طور پر اپنی فوری عملی اغراض کے حصول کی خاطر اپنے آپ کو اس فریب تخیل یا دروغ مصلحت آمیز کی صورت میں نمایاں کیا ہے ؟ اخلاقی اعتبار سے افراد و اقوام کا طرز عمل اس نہایت ضروری سوال کے جواب پر منحصر ہے اور یہی وجہ ہے کہ دنیا کی کوئی قوم ایسی نہ ہو گی جس کے حکماء و علماء نے کسی نہ کسی صورت میں اس سوال کا جواب پیدا کرنے کے لیے دماغ سوزی نہ کی ہو۔ مگر اس سوال کا جواب افراد و اقوام کی دماغی قابلیت پر اس قدر انحصار نہیں رکھتا جس قدر کہ ان کی افتاد طبیعت پر ۔ مشرق کی فلسفی مزاج قومیں زیادہ تر اسی نتیجے کی طرف مائل ہوئیں کہ انسانی انا محض ایک فریب تخیل ہے اور اس پھندے کو گلے سے اتار دینے کا نام نجات ہے ۔ مغربی اقوام کا عملی مذاق ان کو ایسے نتائج کی طرف لے گیا جس کے لیے ان کی فطرت متقاضی تھی''۔

(مقالات اقبال، ص ۱۵۳ - ۱۵۴)

''رموز بے خودی'' کا دیباچہ اسرار خودی کے دیباچے سے بھی مختصر، بمشکل دو صفحات پر مشتمل ہے لیکن ان چند سطور میں اقبال نے

اپنے اس فلسفے کی روح سمو دی ہے ۔ حکیمانہ نثر کا یہ ٹکڑا بھی اپنے مطالب کی وضاحت میں پوری طرح کامیاب ہے :

''جس طرح حیات افراد میں جلب منفعت، دفع مضرت، تعین عمل و ذوق حقائق عالیہ احساس نفس کے تدریجی نشو و نما، اس کے تسلسل، توسیع اور استحکام سے وابستہ ہے اسی طرح ملل و اقوام کی حیات کا راز بھی اسی احساس یا بالفاظ دیگر ''قومی انا'' کی حفاظت، تربیت اور استحکام میں مضمر ہے اور حیات ملیہ کا انتہائی کمال یہ ہے کہ افراد اقوام کسی آئین مسلم کی پابندی سے اپنے ذاتی جذبات کے حدود مقرر کریں تا کہ انفرادی اعمال کا تبائن و تناقض مٹ کر تمام قوم کے لیے ایک قلب مشترک پیدا ہو جائے ۔ افراد کی صورت میں احساس نفس کا تسلسل قوت حافظہ سے ہے ۔ اقوام کی صورت میں اس کا تسلسل و استحکام قومی تاریخ کی حفاظت سے ہے ۔ گویا قومی تاریخ حیات ملیہ کے لیے بمنزلہ قوت حافظہ کے ہے جو اس کے مختلف مراحل کے حسیات و اعمال کو مربوط کر کے ''قومی انا'' کا زمانی تسلسل محفوظ و قائم رکھتی ہے ۔ علم الحیات و عمرانیات کے اسی نکتے کو مدنظر رکھ کر میں نے ملت اسلامیہ کی ہیئت ترکیبی اور اس کے مختلف اجزاء و عناصر پر نظر ڈالی ہے، اور مجھے یقین ہے کہ امت مسلمہ کی حیات کا صحیح ادراک اسی نقطہ نگاہ سے حاصل ہو سکتا ہے''۔

(مقالات اقبال، ص ۱۹۱، ۱۹۲)

''اسرار خودی'' کی طباعت کے بعد بحث کا جو سلسلہ شروع ہوا، اس میں اقبال نے بھی حصہ لیا اورتصوف کے بارے میں اپنے موقف کی وضاحت کی ۔ اگرچہ اس بحث نے خاصی ناخوشگوار صورت اختیار کر لی تھی لیکن اقبال مناظرے اور معارضے کی اس فضا میں بھی جذبات سے کہیں مغلوب نہیں ہوئے اور اپنے موقف کی حمایت میں استدلال کا دامن تھامے رکھا اور اس

طرح بحث کو تلخیوں کی آلودگی سے بچا کر نکل گئے - اس سلسلے میں انہوں نے فن شعر کی تنقید کا فریضہ بھی انجام دیا اور اپنے تنقیدی خیالات کو تجزیاتی انداز میں پیش کیا - عملی تنقید کا یہ نمونہ قابل دید ہے :

